عزیز والدین / نگران،

حال ہی میں ، FCPS نے اپنا [اسٹریٹجک پلان] اپنایا ہے جو ایک روڈ میپ کے طور پر کام کرے گا اور آنے والے برسوں میں ہمارے اسکول ڈویژن کی رہنمائی کرے گا ۔ آنے والے ہفتوں میں ، ہم حصہ لینے والے پائلٹ اسکولوں میں گریڈ 3 سے 12 کے طلبا و طالبات کو FCPS کے پہلے طالبعلم تجربہ سروے کو آزمانے کے لیے مدعو کریں گے ۔ ہم طلبا و طالبات سے ، جو ہمارے کام کا محور ہیں ، ان کے کلاس روم اور اسکول کے تجربات کے بارے میں براہ راست سننا چاہیں گے ۔

طالبعلم کے تجربے کا سروے خفیہ ہے اور آپ کے بچے کی رازداری کے تحفظ کو مدنظر رکھ کر وضع کیا گیا ہے ۔ صرف FCPS کے تحقیقی عملے کو ان کے محفوظ سروے پلیٹ فارم میں جوابات تک رسائی حاصل ہوگی ۔ سروے کے جوابات ہماری بہتری میں مدد کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے ۔

طالبعلم تجربہ سروے پائلٹ ہمارے کچھ اسکولوں میں منعقد کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہے۔ آپ کے بچے کا اسکول اس آزمائشی پروگرام میں شرکت کیلئے منتخب کیا گیا ہے ۔ ہر حصہ لینے والے طالبعلم کو آزمائے جانے والے کل سوالات کے تقریباً نصف ملیں گے ۔ سروے کو مکمل ہونے میں تقریباً 30 منٹ لگیں گے اور یہ بعض کلاس رومز میں اسکول کے دن کے دوران مکمل کیا جائے گا (ایلیمینٹری اسکولوں میں فی گریڈ تقریباً 50 طلباء اور مڈل اور ہائی اسکولوں میں فی گریڈ 100 طلباء) ۔ اگر آپ جاننا چاہتے ہیں کہ آیا آپ کا طالبعلم منتخب کلاس رومز میں سے کسی ایک میں ہے تو اپنے بچے کے استاد یا اسکول سے رابطہ کیجیئے ۔ جو طلباء منتخب کلاس روم میں نہیں ہیں وہ اب بھی اس لِنک کا استعمال کرکے پائلٹ میں حصہ لے سکیں گے جو انہیں دسمبر میں ان کے fcpsschools.net اکاؤنٹ پر ای میل کیا جائے گا ۔

اگر آپ مزید معلومات چاہتے ہیں یا سروے دیکھنا چاہتے ہیں ، تو براہ مہربانی اسٹوڈنٹ ایکسپیرینس سروے ویب پیج دیکھیئے: https://www.fcps.edu/student-experience-survey-pilot ۔ اگر آپ چاہیں تو ، آپ https://fcpsk12va.qualtrics.com/jfe/form/SV_cwfgS6HYW0NDOya پر الیکٹرانک آپٹ آؤٹ فارم کو مکمل کرکے اپنے بچے کو پائلٹ پروگرام میں حصہ لینے سے الگ کرسکتے ہیں ۔ اگر آپ فارم کو الیکٹرانک طور پر مکمل نہیں کرسکتے ہیں ، تو آپ اس ورق کے پچھلے صفحے میں موجود فارم کو مکمل کر کے اسکول کے دفتر کو واپس بھیج سکتے ہیں ۔ ہم گھر والوں کی حوصلہ افزائی کریں گے کہ وہ اپنے بچے سے اس سروے کے متعلق بات کیجیئے ، خصوصاً اگر آپ اپنے بچے کو شرکت سے باز رکھنے کا فیصلہ کرتے ہیں ۔ **سروے سے الگ رہنے کا فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ جمعہ ، 8 نومبر ہے ۔**

اگر آپ طالبعلم تجربہ سروے سے متعلق ، کوئی سوال پرچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی research@fcps.edu پر رابطہ کیجیئے ۔

FCPS کا پہلا طالبعلم تجربہ سروے تیار کرنے میں اپنے بچے کے اس موقع پر غور کرنے کے لیے آپ کا شکریہ ۔

مخلص،

Dr. Michelle C. Reid
Superintendent

والدین اور نگران ،

اگر آپ اپنے بچے کو FCPS طالبعلم تجربہ سروے پائلٹ میں حصہ لینے سے باہر رکھنا چاہتے ہیں تو یا تو https://fcpsk12va.qualtrics.com/jfe/form/SV_cwfgS6HYW0NDOya پر الیکٹرانک آپٹ آؤٹ فارم مکمل کیجیئے یا نیچے دیئے گئے فارم کو پُر کرکے پر دستخط کیجیئے اور اپنے بچے کے اسکول **جمعہ ، 8 نومبر** ، تک واپس بھیجیئے ۔

میں درخواست کرتا / کرتی ہوں کہ میرا بچہ FCPS طالبعلم کے تجربے کے سروے کے آزمائشی منصوبہ میں حصہ نہ لے ۔

بچے / بچی کا پورا نام	
گریڈ	
اسکول کا نام	
طالبعلم / طالبہ کا آئی ڈی نمبر	
والد یا والدہ یا نگران کا نام	
والدین یا نگران کا فون نمبر	
والدین یا نگران کا ای میل ایڈریس	

والد/ والدہ یا نگران کے دستخط ____________________

تاریخ ____________________